رول نمبر ____________ 2018 (A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ-II ( کلاس بارھویں )

اردو اعلیٰ پرچہ۔ دوسرا وقت = 2.30 گھنٹے

کل نمبر = 80

## اِنشائیہ

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

## حصہ اول

2۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 4 + 4

(i) دلوں کو معرفت کے نور سے تو نے کیا روشن دکھایا بے نشاں ہو کر ہمیں اپنا نشاں تو نے

(ii) اثر تیری عطاؤں پر نہیں پڑتا خطاؤں کا جسے پیدا کیا اس کو دیا ہے آب و ناں تو نے

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 1 + 4 + 4 + 4

(i) تنہائی ہے، غریبی ہے، صحرا ہے، خار ہے کون آشنائے حال ہے کس کو پکاریے

(ii) مری چشم میں کیا ہے؟ تیرا تصور مرے دل میں کیا ہے؟ تری آرزو ہے

(iii) سنتا ہوں کہ ہر حال میں وہ دل کے قریں ہے جس حال میں ہوں اب مجھے افسوس نہیں ہے

eduvision.edu.pk

## حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پارے کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 1 + 2 + 6

مُرّوت کے پتلے تھے۔ جب تک خاص مجبوری نہ ہوتی کسی کی درخواست رد نہیں کرتے تھے۔ وقت بے وقت لوگ آ جاتے اور فضول باتوں میں وقت ضائع کرتے۔ وہ بیٹھے سنا کرتے لیکن محض دل آزاری کے خیال سے یہ نہ ہوتا کہ خود اٹھ کر چلے جاتے یا کنایۃً اشارۃً کوئی ایسی بات کہتے کہ لوگ اٹھ جاتے۔ حیدرآباد کے قیام میں، میں نے اس کا خوب تماشا دیکھا۔

4۔ حیدر علی آتش یا علامہ محمد اقبالؒ میں سے کسی ایک کے مختصر حالاتِ زندگی اور شاعری کی خصوصیات تحریر کیجیے۔ 10 = 4 + 6

5۔ رشید احمد صدیقی یا مشتاق احمد یوسفی کے سوانحی حالات اور نثر نگاری کی خصوصیات تحریر کیجیے۔ 5 = 2 + 3

6۔ رحمان بابا کے حالاتِ زندگی اور شاعری پر نوٹ تحریر کیجیے۔ 10 = 4 + 6

7۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر جامع مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(الف) مغرب کی تہذیبی یلغار (ب) فنونِ لطیفہ کی اہمیت (ج) میرے مخلص دوست

61-2018(A)-600 (MULTAN)

Paper Code Number: 4371

2018 (A)

رول نمبر ________

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارھویں )

اردو اعلیٰ پرچہ - دوسرا

وقت = 30 منٹ

کل نمبر = 20

## معروضی

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اِس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) سبق ”مولانا حالی“ کے مصنف کا نام ہے۔
(A) مشتاق احمد یوسفی (B) مولوی عبدالحق (C) ڈاکٹر سید عبداللہ (D) شبلی نعمانی

(2) مولانا محمد حسین آزاد کے والد کا نام تھا۔
(A) مولوی میر حسن (B) شیخ نور محمد (C) مولوی محمد باقر (D) آغا محمد کامل

(3) پروفیسر رشید احمد صدیقی لکھتے ہیں مولانا احسؔن مارہروی جیسا ______ میری نظر سے کم گزرا ہے۔
(A) لیڈر (B) زود گو شاعر (C) ادیب (D) مقرر

(4) مولانا احسن مارہروی کالج میں شعبہ ______ سے تعلق رکھتے تھے۔
(A) فارسی (B) عربی (C) اُردو (D) انگریزی

(5) جنوں بھی ایک طرح ہے۔ (بحوالہ سبق نظم اور کلام موزوں کے بارے خیالات)
(A) لازمۂ زندگی (B) لازمۂ شاعری (C) لازمۂ موسیقی (D) لازمۂ عمر

(6) خواجہ حسن نظامی کا اصل نام تھا۔
(A) محمود علی (B) قاسم علی (C) حسن مصطفٰے (D) حسین شیرازی

(7) خواجہ حسن نظامی کا سالِ ولادت ہے۔
(A) 1857ء (B) 1869ء (C) 1873ء (D) 1899ء

(8) فکر تونسوی نے بلند مقام پایا۔
(A) سیاست میں (B) تجارت میں (C) مضمون نگاری میں (D) طنز و مزاح میں

(9) سبق ”سفر نصیب“ کا تعلق ______ کی صنف سے ہے۔
(A) سوانح نگاری (B) مثنوی (C) داستان (D) سفرنامہ

(10) ڈاکٹر وزیر آغا ضلع سرگودھا کے گاؤں ______ میں پیدا ہوئے۔
(A) رائے نگر (B) وزیر کوٹ (C) ساہنی (D) فرید کوٹ

(11) مہدی افادی کا اصل نام تھا۔
(A) شکیب جلالی (B) شیخ محمد ہادی (C) مہدی حسن (D) جلال الدین

(12) بابائے اردو مولوی عبدالحق نے ”سرتاج شعرائے اُردو“ کہا ہے۔
(A) خواجہ میر دردؔ کو (B) مرزا غالبؔ کو (C) علامہ محمد اقبالؒ کو (D) میر تقی میرؔ کو

(13) ذکرِ میر خود نوشت ہے۔
(A) خواجہ میر درد کی (B) میر حسن کی (C) میر تقی میر کی (D) میرن کی

(14) بہادر شاہ ظفر مغلیہ خاندان کے ______ بادشاہ تھے۔
(A) دوسرے (B) چوتھے (C) دسویں (D) آخری

(15) مرزا غالبؔ کی وجہ شہرت ہے۔
(A) نظم (B) غزل (C) رباعی (D) مثنوی

(16) علامہ محمد اقبالؒ نے اپنی شاعری کا آغاز کیا۔
(A) نظم گوئی سے (B) غزل گوئی سے (C) مرثیہ سے (D) مثنوی سے

(17) محسن کاکوروی ہمارے نصاب میں بحیثیت ______ شامل ہیں۔
(A) گیت نگار (B) مثنوی نویس (C) نعت گو (D) قصیدہ گو

(18) شاملِ نصاب نظم ”حمد“ کے شاعر کا نام ہے۔
(A) اویس قادری (B) حسرت موہانی (C) حفیظ تائب (D) مولانا ظفر علی خان

(19) مثنوی ”شاہنامۂ اسلام“ کے شاعر کا نام ہے۔
(A) فیض احمد فیض (B) حفیظ جالندھری (C) علامہ محمد اقبالؒ (D) مرزا غالبؔ

(20) مثنوی ”گلزارِ نسیم“ نمائندگی کرتی ہے۔
(A) دبستانِ دلّی کی (B) دبستانِ لکھنؤ کی (C) رام پور کی (D) دبستانِ دکن کی

eduvision.edu.pk

**BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION, MULTAN**

**OBJECTIVE KEY FOR ITERMEDEAT ANNUAL/~~SUPPLY~~ EXAMINATION, 2018**

Name of Subject: اردو لازمی Session: پرچہ دوسرا

| Q.Nos | Paper Code 4371 | Paper Code | Paper Code | Paper Code |
|---|---|---|---|---|
| 1 | B | مولوی عبدالحق | | |
| 2 | C | مولوی محمد باقر | | |
| 3 | B | زود گو شاعر | | |
| 4 | C | اردو | | |
| 5 | B | لازمۂ شاعری | | |
| 6 | B | قاسم مسلی | | |
| 7 | C | 1873ء | | |
| 8 | D | طنز و مزاح | | |
| 9 | D | سفر نامہ | | |
| 10 | B | وزیر کوٹ | | |
| 11 | C | مہدی حسن | | |
| 12 | D | میر تقی میر کو | | |
| 13 | C | میر تقی میر کو | | |
| 14 | D | آخری | | |
| 15 | B | غزل | | |
| 16 | B | غزل گوئی | | |
| 17 | C | نعت گو | | |
| 18 | D | مولانا محمد علی | | |
| 19 | B | حفیظ جالندھری | | |
| 20 | B | داستان گوئی | | |

edvision.edu.pk

**سرٹیفکیٹ بابت صحیح سوالیہ پرچہ / مارکنگ Key**

ہم نے مضمون اردو لازمی پرچہ دوسرا گروپ — سکیم ____ انٹر سالانہ / ضمنی امتحان 2018 کا سوالیہ پرچہ انشائیہ و معروضی (Subjective & Objective) کو بنظر عمیق چیک کر لیا ہے یہ پرچہ Syllabus کے عین مطابق Set کیا گیا ہے۔ اس سوالیہ پرچہ میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ ہم نے سوالیہ پرچہ کا اردو اور انگریزی Version بھی چیک کر لیا ہے۔ یہ Version آپس میں مطابقت رکھتے ہیں۔ نیز اس پرچہ کی معروضی (MCQs) Key کی بابت تصدیق کی جاتی ہے کہ اس میں بھی کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ مزید یہ کہ ہم نے Key بنانے سے متعلق دفتر کی جانب سے تیار کردہ ہدایات وصول کر کے ان کا بغور مطالعہ کر لیا ہے اور ان کی روشنی میں Key بنائی ہے۔ نیز سب اگزامینرز کیلئے تفصیلی مارکنگ ہدایات / مارکنگ سکیم / Rubrics بھی تیار کر دی گئی ہیں۔

**Prepared & Checked By:** **Dated:** 17/5/18

| S.# | Name | Designation | Institution | Mobile No | Signature |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | احتشام احمد | ایسوسی ایٹ پروفیسر اردو | گورنمنٹ ملک رشید اسلامیہ کالج شجاع آباد | 03206372130 | [signature] |
| 2 | ڈاکٹر امرار عبدالسمیع | ایسوسی ایٹ پروفیسر | گورنمنٹ گریجویٹ کالج بوسن روڈ ملتان | 0333-6102985 | [signature] |
| 3 | | | | | |

# ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ، ملتان

مورخہ: 17/5/18 مضمون: اردو لازمی پرچہ: دوسرا گروپ: —

جنرل ہدایات برائے مارکنگ Key اولڈ سکیم / نیو سکیم (مارکنگ سکیم)

انٹر پارٹ فرسٹ / سیکنڈ سالانہ / ضمنی امتحان 2018ء

| Sr # | Code | Error Indicated | Sr # | Code | Error Indicated |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | UN | Un-Necessary | 8. | Sp | Spelling Error |
| 2. | Ir | Irrelevant | 9. | P | Punctuation |
| 3. | IN | Incomplete | 10. | Wo | Wrong word error |
| 4. | EX | Extra | 11. | Wt | Wrong Tense |
| 5. | Rp | Re-Produced | 12. | Wf | Wrong Form |
| 6. | Is | Insufficient | 13. | OA | Over Attempt |
| 7. | Gr | Grammar Error | | | |

اہم نوٹ: ہر سوال "Full Award" سے کم نمبر لگانے کی صورت میں وجہ ضرور لکھیں۔

سوال نمبر 2 نظم کا عنوان = حمد 1 نمبر۔ شاعر کا نام۔ مولانا ظفر علی خان 1 نمبر نظم کے عنوان میں الفاظ کی کمی بیشی یا املا غلط ہونے پر نمبر نہ دیا جائے۔ البتہ شاعر کا تخلص کافی سمجھا جائے۔

تشریح کے نمبر 4+4 = 8 ہیں۔ اگر طالب علم شعر کا مفہوم اور وضاحت درست تحریر کرے تو زیادہ سے زیادہ نمبر دیں۔ اگر طالب علم مفہوم اور تشریح مجموعی طور پر لکھ دے تب بھی اس کی حوصلہ افزائی کریں۔ تشریح کرتے ہوئے املا کی غلطیوں پر زیادہ سے زیادہ مجموعی نمبروں میں سے 2 نمبر کاٹے جا سکتے ہیں۔

(ب) غزل: شاعر کا نام 1 نمبر (خواجہ حیدر علی آتش) (2) بہادر شاہ ظفر (3) جگر مراد آبادی

ہر شعر کی تشریح کے چار نمبر ہیں۔ ہر شعر کی الگ الگ تشریح کرنا ہے۔ اگر طالب علم تینوں اشعار کی مجموعی تشریح کرے تب بھی مواد کو دیکھتے ہوئے طالب علم کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

سوال نمبر 3 سبق کا عنوان: 1 نمبر (مولانا حالی) مصنف: 1 نمبر (مولوی عبدالحق)

سبق کا عنوان نصابی کتاب کے مطابق ہو۔ املا غلط ہونے پر الفاظ کی کمی بیشی پر نمبر نہ دیا جائے۔ البتہ مصنف کا نام عبدالحق لکھا یا مولانا عبدالحق یا مولوی عبدالحق لکھا جائے تو درست تصور کیا جائے۔

سیاق و سباق 2 نمبر ہیں۔ سیاق و سباق مختصر مگر جامع ہو۔ اور سبق کے مطابق ہو تو پورے نمبر دیئے جائیں۔

تشریح کے 6 نمبر ہیں۔ اگر طالب علم اقتباس کو مد نظر رکھ کر تشریح کرے تو حوصلہ افزائی کریں۔ املا کی غلطیوں کے صرف 2 نمبر مجموعی نمبروں میں سے کاٹے جا سکتے ہیں۔

سوال نمبر 4 شاعر کے سوانحی حالات 4 نمبر۔ شعری خصوصیات 6 نمبر ہیں۔ اگر طالب علم دونوں کو الگ الگ کرکے اور واضح کرکے لکھتا ہے تو اچھے نمبر دیئے جائیں۔ اگر مجموعی لکھا ہوا ہو تب بھی حوصلہ شکنی نہ کی جائے۔

سوال نمبر 5۔ مصنف کے حالات زندگی 5 نمبر۔ نثری خصوصیات 3 نمبر طالب علم دونوں کی الگ الگ وضاحت کرے یا مجموعی طور پر لکھے دونوں صورتوں میں طالب علم کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

سوال نمبر 6 شاعر کے حالات زندگی 4 نمبر۔ کلام کی خصوصیات 6 نمبر طالب علم دونوں کو الگ الگ لکھتا ہے یا اکٹھا لکھتا ہے تو دونوں صورتوں میں طالب علم کی حوصلہ افزائی کریں اچھے نمبر دیں۔

سوال نمبر 7 مضمون میں مواد اور زبان و بیان کو پیش نظر رکھتے ہوئے نمبر دیں۔ مضمون کم از کم (500) الفاظ پر مشتمل ہو۔ بہتر مواد کی صورت میں طالب علم کی حوصلہ افزائی کریں۔ املا کی غلطیوں پر زیادہ سے زیادہ 3 نمبر کاٹے جائیں۔

17/5/18 [illegible]

[illegible]

eduvision.edu.pk